Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Islamic Studies) Course Work Examination, April - 2021

Paper - PHIS101CCT : Research Methodology

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) حوالے کے لیے مناسب جگہ کیا ہے۔

(a) مقالہ کا آخر (b) باب کا آخر (c) صفحہ کے نیچے (d) تمام صحیح ہیں

(ii) اے پی اے (APA) کے طریقہ میں متن کے اندر ہی حوالہ دیا جاتا ہے۔ اس میں کونسی دو چیزیں کام آتی ہیں۔

(a) مصنف کا آخری نام اور سن اشاعت (b) پہلا نام اور سن اشاعت

(c) آخری نام اور مقام اشاعت (d) پہلا نام اور مقام اشاعت

(iii) نئی چیزوں کو دریافت کرنے اور سائنسی ایجادات کرنے کو کونسی تحقیق کہتے ہیں۔

(a) نظریاتی (Theoretical) (b) اطلاقی (Applied) (c) تاریخی (Historical) (d) تمام غلط ہیں

(iv) اسلامک اسٹڈیز میں ریسرچ کس میں ہوتی ہے۔

(a) بنیادی مصادر میں (b) ثانوی مصادر میں (c) جدید موضوعات پر (d) نوعیت کے اعتبار سے سب میں

(v) موضوع کے انتخاب کی ترجیحی بنیاد کیا ہے۔

(a) ادارہ کی دلچسپی (b) اسکالر کی دلچسپی (c) نگراں کی دلچسپی (d) موضوع کی اہمیت

(vi) مفروضے کیا ہوتے ہیں۔

(a) طے شدہ نتائج (b) تحقیق کے نتائج (c) ممکنہ سوالات (d) ممکنہ جوابات

(vii) پی۔ایچ۔ڈی میں کتنے ابواب مناسب ہیں۔

(a) دو تا تین (b) تین تا چار (c) چار تا پانچ (d) آخری دونوں

(viii) تحقیق میں کسی مصنف کا خیال نقل کیا جائے تو اسے:

(a) اقتباس کہیں گے (b) اس کا حوالہ دیں گے (c) اس کی اجازت حاصل کریں گے (d) ایسا کرنا مناسب نہیں

(ix) اپنی رائے کو مدلل طریقے سے پیش کرنا کیا ہے۔

(a) تحقیق کا تقاضہ ہے (b) تحقیق کے خلاف ہے (c) غیر معیاری تحقیق ہے (d) معیاری تحقیق

(x) تحقیق کی اصل روح کیا ہے۔

(a) غیر جانبدارانہ رائے دینا (b) اپنی رائے کو ثابت کرنا (c) دوسرے کی رائے کی تردید کرنا (d) دوسرے کی رائے کی تائید کرنا

حصہ دوم

2. تحقیق کا معنی و مفہوم بتائیے اور مقاصد پر روشنی ڈالیے۔
3. منہج کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام (بیانیہ، تجزیاتی اور تقابلی) کی وضاحت کیجیے۔
4. مفروضے کا تعارف کرائیے اور تحقیق میں اس کے استعمال کو واضح کیجیے۔
5. سماجی علوم میں تحقیق کی نوعیت اور اہمیت بیان کیجیے۔
6. کتابیات درج کرنے کا طریقہ چند مثالوں سے بیان کیجیے۔
7. متعلقہ کاموں کا جائزہ کب لیا جاتا ہے۔ اور اس کی کیا اہمیت ہے بیان کیجیے۔
8. مصادر اور مراجع کا فرق بتائیے۔ اور دونوں کے استعمال کی مثالیں دیجیے۔
9. تحقیق کی اقسام (مقداری، معیاری اور مخلوط) کی وضاحت کیجیے۔

حصہ سوم

10. تحقیق کا خاکہ کس طرح بنایا جاتا ہے؟ کسی نمونہ کے ساتھ نمایاں کیجیے۔
11. حوالہ جات درج کرنے کے جدید طریقوں کو مثالوں کے ساتھ لکھیے۔
12. مقالہ میں ابواب سازی اور حصول سازی کی اہمیت اور طریقہ کی وضاحت کیجیے۔
13. عصر حاضر میں اسلامک اسٹڈیز میں کس نوعیت کی تحقیق کی ضرورت ہے؟ اظہار خیال کیجیے۔
14. اسلامک اسٹڈیز کے ایک کامیاب محقق کی خصوصیات پر ایک مضمون تحریر کیجیے۔

☆☆☆